# Unit – 11: The Dear Departed (One-act Play)

## Comprehension Questions

---

**Q # 1: What do the actions and words of Mrs. Slater and Mrs. Jordan reveal about their true motivations? How do these motivations influence their behaviour throughout the play?**

**Ans.**
The actions and words of Mrs. Slater and Mrs. Jordan clearly show that they care more about **material things** than real **love** for their father. As soon as they think he is dead, they start dividing his things without even checking properly. This shows their **selfish nature**.
Both sisters try to look more caring than the other, but it is only **fake behaviour**. Their real purpose is to get the furniture and the insurance money. These selfish motivations make them speak politely but act dishonestly. Their behaviour shows that in their family **greed has replaced love and respect**.

---

**Q # 2: How does the conflict over Mr. Merryweather's possessions drive the plot of the play? What does this conflict reveal about the characters' values and priorities?**

**Ans.**
The fight over Mr. Merryweather's belongings creates the **main tension** in the story. The sisters argue about who deserves the furniture and the insurance money. This shows their **greed, jealousy, and lack of moral values**.
They care more about money than about their father. The conflict shows that **material gain** is more important to them than family. The irony becomes strong when Mr. Merryweather is found alive, which exposes their **hypocrisy**.

---

**Q # 3: In what ways does Stanley Houghton use satire to criticize family dynamics and social values in the play? How effective is this approach in conveying his message?**

**Ans.**
Houghton uses **satire** (humour with criticism) to show the selfishness and moral decay of families. He uses exaggerated characters like the Slaters and Jordans to show how family bonds become weak when **greed and materialism** take over. The humour makes the criticism stronger because the audience laughs but also feels the truth behind it. This method is very effective as it makes people **think about their own values**.

---

**Q # 4: How does the play challenge the traditional idea of family unity and affection? What does The Dear Departed suggest about the nature of family ties when material wealth is involved?**

**Ans.**
The play challenges the belief that families are always united by love. It shows that when **money or property** is involved, family members can easily become selfish and competitive.
The behaviour of the Slaters and Jordans shows that **self-interest** is stronger for them than real love. The play teaches that true family bonds should be based on **love and sincerity**, not on material possessions.

---

LAST HOPE STUDY
اسی ابشوت جیسے چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

**Q # 5: What role does the clock on the mantelpiece play in the story? How might it symbolize the characters' attitude towards time, routine, or even inheritance?**

**Ans.**

The clock on the mantelpiece is an important **symbol**. It represents **time**, change, and the family's focus on material possessions.

To the Slaters, the clock is just another item to grab, which shows their **greed**. It also shows their routine life where real emotions are missing. On a deeper level, the clock shows that **time exposes truth**, and that material things can never replace love, respect, and moral values.

---

**Q # 6: How does Victoria's character differ from the adults around her? What does her perspective tell us about the younger generation's view of the family's behaviour?**

**Ans.**

Victoria is more **innocent, honest, and sensible** than the adults. She feels uncomfortable with her mother's greed and questions their wrong actions.

When her grandfather is found alive, she is the **only one truly happy**. Her reactions show that the younger generation can still see right and wrong. Through her, the writer shows a contrast between **childlike honesty** and **adult hypocrisy**.

---

**Q # 7: How do the characters display hypocrisy throughout the play? What are some examples where their words contradict their actions?**

**Ans.**

The characters show hypocrisy through their **fake words and dishonest actions**. They wear black clothes to show false sadness. Mrs. Slater says she wants to "do the right thing," but she secretly moves her father's furniture to her own room. Both sisters call him "poor father," but they are really thinking about his belongings and money. Their words sound loving, but their behaviour shows **greed** and **selfishness**.

---

**Q # 8: How does the setting of the play—a single confined living room—affect the way the characters interact with each other? What might this confined space suggest about the nature of their relationships?**

**Ans.**

The small living room creates **tension** among the characters. Because the space is tight, their arguments and greed come out quickly.

The confined space shows how **narrow and shallow** their relationships are. There is no emotional space for real love or respect. This small setting also symbolizes their **closed minds** and selfish behaviour.

---

**Q # 9: How does Stanley Houghton organise the sequence of events in The Dear Departed to build tension and reveal the characters' true motives?**

**Ans.**

Houghton builds tension step by step. At first, everyone thinks Mr. Merryweather is dead, and the sisters immediately show their greed.

As they fight over belongings, their real motives become clear. The tension reaches its highest point when Mr. Merryweather suddenly returns alive. This surprise exposes their **fake love** and hypocrisy. The event order keeps the audience interested and shows how truth reveals false emotions.

---

LAST HOPE STUDY
اسی ویب سائٹ پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

**Q # 10: How do the themes of The Dear Departed remain relevant in modern society? Can you think of contemporary examples where materialism impacts family relationships in a similar way?**

**Ans.**
The themes of the play are still relevant today because **materialism** still affects families. Even today, families fight over **inheritance, property, or money**, just like the sisters in the play.
Such fights break emotional bonds and create distance among siblings. The play reminds us that real happiness comes from **love, unity, and respect**, not from wealth.

---

**Questions & Answers from Review 2**

---

**Q # 4: What does the title, "The Dear Departed", suggest about the play's theme, and how is it ironic in the context of the story?**

**Ans.**
The title "The Dear Departed" suggests that someone loved has died. But the irony is that the person is **not dear** to his family at all. The daughters care more about his **property** than his life.
Instead of mourning, they fight over his things. The biggest irony is that he has not even departed—Mr. Abel Merryweather is still **alive**. His return exposes the family's **greed, lies, and hypocrisy**. This shows the main themes of the play: **selfishness and moral decay**.

---

**Q # 5: What role does humour play in "The Dear Departed"? How does Houghton use humour to convey serious themes like family conflict and hypocrisy?**

**Ans.**

Humour plays an important role in the play. It makes serious issues easier to understand and more memorable.

Houghton uses funny situations and irony to show **greed, conflict, and hypocrisy**.

For example, the sisters start fighting over belongings even before confirming their father's death. This is both funny and shameful.

Through humour, Houghton criticizes how family love has weakened because of **selfishness and materialism**.

---

LAST HOPE STUDY
اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

# Unit – 11: The Dear Departed

---

**سوال 1:**

**مسز سلیٹر اور مسز جارڈن کے اعمال اور الفاظ ان کی اصل نیتوں کے بارے میں کیا ظاہر کرتے ہیں؟ اور یہ نیتیں پورے ڈرامے میں ان کے رویے کو کیسے متاثر کرتی ہیں؟**

**جواب:**

مسز سلیٹر اور مسز جارڈن کے الفاظ اور عمل سے صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے والد کی اصل محبت نہیں کرتیں، بلکہ **زیادہ دلچسپی صرف مال و دولت** میں ہے۔ جیسے ہی انہیں لگتا ہے کہ ان کا باپ مر گیا ہے، وہ فوراً اس کی چیزیں بانٹنے لگتی ہیں۔ اس سے ان کی **خود غرضی** ظاہر ہوتی ہے۔

دونوں بہنیں ایک دوسرے سے زیادہ نیک اور خیال رکھنے والی بننے کی کوشش کرتی ہیں، لیکن یہ صرف **دکھاوا** ہے۔ ان کا اصل مقصد فرنیچر اور انشورنس کی رقم حاصل کرنا ہے۔ اسی لالچ کی وجہ سے وہ پورے ڈرامے میں **نرمی سے بات مگر دھوکہ سے عمل** کرتی رہتی ہیں۔ ان کا رویہ بتاتا ہے کہ ان کے گھر میں **لالچ نے محبت اور عزت کی جگہ لے لی ہے۔**

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

---

**سوال 2:**

**مسٹر میری ویدر کی چیزوں پر جھگڑا ڈرامے کی کہانی کو کیسے آگے بڑھاتا ہے؟ اور یہ جھگڑا کرداروں کی ترجیحات اور سوچ کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟**

**جواب:**

مسٹر میری ویدر کی چیزوں پر جھگڑا اس ڈرامے کا **اصل مسئلہ** بن جاتا ہے۔ دونوں بہنیں اس بات پر لڑتی ہیں کہ فرنیچر اور انشورنس کی رقم پر حق کس کا ہے۔ اس سے ان کی **لالچ، حسد** اور **اخلاقی کمزوری** ظاہر ہوتی ہے۔
وہ اپنے باپ سے زیادہ **پیسوں** کو اہمیت دیتی ہیں۔ یہ جھگڑا دکھاتا ہے کہ ان کے لیے رشتے کم اور دولت زیادہ اہم ہے۔
جب پتہ چلتا ہے کہ مسٹر میری ویدر زندہ ہیں تو ان کی ساری **منافقت** سامنے آجاتی ہے۔

---

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو
لیکچر بھی موجود ہیں

## سوال 3:

**مصنف خاندان کے رویوں اور معاشرتی اقدار پر تنقید کرنے کے لیے طنز کا استعمال کیسے کرتا ہے؟**

**جواب:**

مصنف نے اس ڈرامے میں **طنز** کا استعمال کیا ہے تاکہ خاندانوں کی خود غرضی اور اخلاقی گراوٹ کو ظاہر کیا جا سکے۔ سلیٹر اور جارڈن جیسے مبالغہ آمیز کرداروں کے ذریعے وہ دکھاتے ہیں کہ کیسے **لالچ** اور **دولت کی چاہت** محبت کو ختم کر دیتی ہے۔

ڈرامے میں موجود ہنسی مذاق حقیقت کو اور بھی نمایاں کرتا ہے۔ ناظرین ہنستے ہیں مگر ساتھ ساتھ **تلخ سچائی** بھی محسوس کرتے ہیں۔ اس طرح مصنف اپنا پیغام بہت مؤثر انداز میں پہنچاتا ہے۔

LAST HOPE STUDY

---

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو
لیکچر بھی موجود ہیں

**سوال 4:**

**ڈراما خاندان کے اتحاد اور محبت کے روایتی تصور کو کس طرح چیلنج کرتا ہے؟**

**جواب:**

یہ ڈراما اس خیال کو چیلنج کرتا ہے کہ خاندان ہمیشہ محبت اور اتحاد سے جڑے رہتے ہیں۔ یہاں دکھایا گیا ہے کہ جب **دولت اور جائیداد** کا مسئلہ آتا ہے تو رشتوں میں خود غرضی اور مقابلہ شروع ہو جاتا ہے۔

سلیٹر اور جارڈن خاندان کا رویہ ثابت کرتا ہے کہ ان کے لیے خود کا فائدہ اہم ہے، محبت نہیں۔ مصنف بتانا چاہتا ہے کہ اصل رشتہ داری **سچی محبت** سے بنتی ہے، دولت سے نہیں۔

---

**سوال 5:**

**ڈرامے میں مینٹل پر رکھی ہوئی گھڑی کا کیا کردار ہے؟**

**جواب:**

مینٹل پر رکھا گھڑی کا ٹکڑا ایک اہم **علامت** ہے۔ یہ وقت، تبدیلی اور خاندان کے مادی رویے کو ظاہر کرتا ہے۔

سلیٹر خاندان کے لیے گھڑی صرف ایک **چیز** ہے جس پر قبضہ کرنا ہے، جو ان کی لالچ دکھاتا ہے۔ یہ گھڑی یہ بھی دکھاتی ہے کہ ان کی زندگی میں جذبات کی جگہ **لالچ** اور **خود غرضی** نے لے لی ہے۔

گہری سطح پر گھڑی یہ یاد دلاتی ہے کہ **وقت سچ کو ظاہر کر دیتا ہے** اور دولت کبھی محبت کی جگہ نہیں لے سکتی۔

---

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

**سوال6:**

**وکٹوریہ کا کردار اپنے بڑوں سے کس طرح مختلف ہے؟**

**جواب:**

وکٹوریہ اپنے بڑوں سے زیادہ **معصوم**، **سچی** اور **سمجھدار** ہے۔ وہ اپنی ماں کے لالچ سے پریشان ہوتی ہے اور ان کی غلط باتوں پر سوال بھی کرتی ہے۔

جب پتہ چلتا ہے کہ اس کا دادا زندہ ہے تو وہ سب سے زیادہ خوش ہوتی ہے۔ اس کا ردِ عمل دکھاتا ہے کہ نئی نسل میں ابھی بھی **سچائی** اور **اخلاق** موجود ہیں۔ مصنف اس کے ذریعے **معصومیت** اور **حقیقت** کو بڑوں کی **منافقت** کے مقابل رکھتا ہے۔

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

**سوال 7:**

**کردار ڈرامے میں کس طرح منافقت دکھاتے ہیں؟ مثالیں دیں۔**

**جواب:**

کردار اپنے الفاظ اور عمل سے **منافقت** دکھاتے ہیں۔ وہ سیاہ کپڑے پہن کر جھوٹی **غمگینی** ظاہر کرتے ہیں۔ مسز سلیٹر کہتی ہے کہ وہ اپنے باپ کے لیے ''درست کام'' کرنا چاہتی ہے، **مگر** وہ چپکے سے اس کا فرنیچر نیچے لے آتی ہے۔
دونوں بہنیں ''بیچارے ابا'' کہتی ہیں، **مگر** سوچ صرف **پیسوں** اور **چیزوں** کی کرتی ہیں۔ ان کی زبان محبت دکھاتی ہے، **مگر** عمل **لالچ**۔

---

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

سوال8:

**ڈراما ایک ہی کمرے میں ہونے سے کرداروں کے رویے پر کیا اثر پڑتا ہے؟**

**جواب:**

ڈراما ایک چھوٹے سے کمرے میں ہوتا ہے، جس سے کرداروں کے درمیان **تناؤ** بڑھ جاتا ہے۔ تنگ جگہ کی وجہ سے ان کی لڑائیاں اور لالچ جلد سامنے آ جاتا ہے۔

یہ محدود جگہ دکھاتی ہے کہ ان کے رشتے بھی **تنگ اور خود غرض** ہیں۔ ان کے دلوں میں بھی محبت اور سمجھداری کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

---

سوال9:

**مصنف ڈرامے میں تناؤ کیسے پیدا کرتا ہے؟**

**جواب:**

مصنف **بہت ترتیب** سے کہانی آگے بڑھاتا ہے۔ شروع میں سب کو لگتا ہے کہ مسٹر میری ویدر مر گئے ہیں، اور اسی وجہ سے بہنوں کی لالچ سامنے آتی ہے۔

جوں جوں وہ چیزوں پر جھگڑتی ہیں، ان کا اصل چہرہ سامنے آتا جاتا ہے۔ سب سے زیادہ تناؤ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب مسٹر میری ویدر **اچانک زندہ واپس آ جاتے ہیں**۔ اس سے ان کی ساری منافقت بے نقاب ہو جاتی ہے۔

---

LAST HOPE STUDY
اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

**سوال10:**

**ڈرامے کے موضوعات آج بھی کیسے متعلق محسوس ہوتے ہیں؟**

**جواب:**

ڈرامے کی باتیں آج بھی بہت سچی لگتی ہیں کیونکہ آج بھی **لالچ اور دولت** کی وجہ سے خاندانوں میں جھگڑے ہوتے ہیں۔

وراثت، جائیداد اور پیسوں پر لڑائیاں آج بھی رشتوں میں دوری پیدا کرتی ہیں۔ ڈراما ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اصل خوشی **محبت، عزت اور اتحاد** میں ہے، دولت میں نہیں۔

LAST HOPE STUDY
اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

# Review 2 — Questions

---

**سوال4:**

**عنوان "The Dear Departed" کیا معنی رکھتا ہے اور یہ عنوان طنزیہ کیوں ہے؟**

**جواب:**

عنوان "The Dear Departed" کا مطلب ہے کہ کوئی پیارا شخص مر گیا ہے، مگر اس ڈرامے میں معاملہ برعکس ہے۔ جس شخص کو ''dear'' کہا جا رہا ہے، وہ اپنی بیٹیوں کو **بالکل پیارا نہیں**۔

وہ اس کے مرنے سے زیادہ اس کی **جائیداد** میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ مزید irony یہ ہے کہ وہ شخص تو مرا ابھی نہیں ہوتا — مسٹر ایبل میری ویدر **زندہ** ہوتے ہیں!

ان کا واپس آنا بیٹیوں کی **لالچ، جھوٹ اور شرمندگی** ظاہر کر دیتا ہے۔

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں

---

**سوال 5:**

**ڈرامے میں مزاح کیا کردار ادا کرتا ہے؟**

**جواب:**

ڈرامے میں **مزاح** بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ سنجیدہ باتوں کو آسان بھی بناتا ہے اور زیادہ مؤثر بھی۔

مصنف طنزیہ اور مزاحیہ انداز میں کرداروں کی **لالچ، جھگڑے اور منافقت** دکھاتا ہے۔

مثال کے طور پر، بہنیں باپ کی موت کی تصدیق کیے بغیر اس کی چیزوں پر جھگڑ رہی ہوتی ہیں، جو ایک طرف **مضحکہ خیز** ہے اور دوسری طرف شرمناک بھی۔

مزاح کے ذریعے مصنف دکھاتا ہے کہ کس طرح **لالچ نے خاندانوں کی محبت کمزور کر دی ہے۔**

---

اسی یوٹیوب چینل پر آسان ویڈیو لیکچر بھی موجود ہیں